سوال

(960)اس وقت عالم اسلام کے سب سے عظیم عالم دین کون ہیں؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

آپ کے نزدیک اس وقت عالم اسلام کے سب سے عظیم عالم دین کون ہیں؟ جب کہ بہت سے اہل علم کے نزدیک علامہ محمد ناصر الدین البانی دمشقی ہیں۔ (محمد صدیق تلیاں۔ سمندر کٹھ ضلع ایبٹ آباد) (۲۱ اگست ۱۹۹۸ء)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ذخیرۂ حدیث کی تحقیق میں علامہ البانی کا کوئی ثانی نظر نہیں آتا اور فقاہت حدیث میں سماحۃ الشیخ ابن باز کا ہمسر ملنا مشکل امر ہے۔ مَتَّعَنَا اللّٰهُ بِطُولِ حَيَاتِهِمَا۔ میں نے مختلف مجالس میں مشاہدہ کیا۔ شیخ ابن باز، علامہ البانی کے بے حد قدردان ہیں۔ ایک دفعہ طائف میں ان کی آمد پر بہت زیادہ مسرت کا اظہار فرمایا۔ شیخ کی عادت ہے کہ علامہ موصوف کی آمد پر جملہ مشاغل چھوڑ کر صرف دینی مسائل میں مصروف رہتے ہیں۔ اس کے باوجود کہ وہ کثیر المشاغل ہیں۔ جزاہم اللہ عنا خیر الجزاء و تقبل مسا عیھم

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

جلد:3، ثناء اللہ مدنی سے چند سوالات: صفحہ:659

محدث فتویٰ